لے اور جب حلوا لایا جاوے تو اوس سے (بھی) کچھہ لے لے اسکی اسناد
مین متہم ہے **حدیث** نرگس کی بو سونگھو اگرچہ دن مین ایک
مرتبہ ہو اگرچہ ماہ مین ایک مرتبہ ہو اگرچہ سال مین ایک مرتبہ ہو اگرچہ
زمانہ مین ایک مرتبہ الخ اور یہ موضوع ہے اور اسکیلیے بہت طرق اور
الفاظ ہین **حدیث** جس رات مین مجھکو آسمان کیطرف سیر کرایا
گیا تو میرے پسینہ سے زمین کیطرف کچھہ گرا اوس سے گلاب پیدا ہوا اسکو
ابن عدی نے علی سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے اور
ایک لفظ مین گلاب سفید معراج کی رات مین میرے پسینہ سے پیدا کیا گیا
ہے اور گلاب سرخ جبرائیل ع کے پسینہ سے پیدا کیا گیا ہے اور گلاب زرد
براق کے پسینے سے پیدا کیا گیا ہے یہ موضوع ہے اور ایک لفظ مین
جو ارادہ کرے کہ میری خوشبو سونگھے اور اسکیلیے اور الفاظ ہین سب
کے سب موضوع ہین **حدیث** نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے
تھے ایک آدمی آیا اوسکے ہاتھ مین ریحان کا گٹھا تھا اوس نے
اوسکو آنحضرت کے روبرو ڈالدیا اوسکو آپنے مس نہ کیا پھر دوسرا
اوسیطرح پھر تیسرا پس اوسکو پکڑا پھر اوسکو سونگھا اور فرمایا
ہان ریحان عرش کے نیچے پیدا ہوا ہے پانی اسکا نظر سے
شفا ہے۔ کہا عقیلی نے باطل ہے اسکا کچھہ اصل نہین اور
ایک لفظ مین نبی صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کی طرف ریاحین
مختلف بھیجی گئی تو ان حضرت نے سب کو رد کیا اور مرزنجوش
کو پسند کیا۔ کہا خطیب نے موضوع ہے **حدیث**

فضل البنفسج على الادهان كفضل الاسلام على
الاديان تقدم في الاطعمة وهو موضوع وله طرق
اوردها في اللآلی حديث الكندر طيبي وطيب
الملئكة موضوع حديث الكثر دهن الجنة
الخيري موضوع حديث ان العود والصندل
والمسك والعنبر والكافور من لباس آدم الذي
نزل به من الجنة هو موضوع حديث
من قلم اظفاره يوم السبت خرج منه الداء و
دخل فيه الشفاء ومن قلم اظفاره يوم الاحد
خرجت منه الفاقة ودخل فيه الغناء ومن قلم
اظفاره يوم الاثنين خرجت منه العلة و
دخل فيه الصحة ومن قلم اظفاره يوم الثلاثاء
خرج منه المرض ودخلت فيه العافية ومن
قلم اظفاره يوم الاربعاء خرج منه الوسواس و
دخل فيه الامن والصحة ومن قلم اظفاره يوم
الخميس خرج منه الجذام ودخلت فيه العافية
ومن قلم اظفاره يوم الجمعة دخلت فيه الرحمة
وخرج منه الذنوب هو موضوع في اسناده
وضاعون ومجاهيل فقبح الله الكذابين وقبح
الفاظهم الساقطة وكلماتهم الركيكة۔
قال السخاوي في المقاصد لم يثبت في كيفية قص
الاظفار ولا في تعيين يوم له شئ عن النبي
صلى الله عليه وآله وسلم وما يعزى من النظم فيها
لعلي فباطل حديث من طول شاربه
في الدنيا طول الله ندامته يوم القيمة وسلط

فضیلت بنفشہ کی تیلون پر مثل فضیلت اسلام کی ہے تمام دینوں
پر اطعمہ مین گذر چکی ہے اور موضوع ہے۔ اسکے لیے اور طرق ہین انکو
لآلی مین لایا ہے حدیث کندر میری خوشبو ہے اور فرشتون کی خوشبو
ہے موضوع ہے حدیث اکثر تیل جنت کا خیری ہے موضوع
ہے حدیث عود اور صندل اور کستوری اور عنبر اور کافور لباس آدم
علیہ السلام کا ہے جسکو ساتھ جنت سے نازل ہوا تھا یہ موضوع
ہے حدیث جو شخص اپنے ناخون شنبہ کے دن اتارے تو
اوس سے بیماری خارج ہو جاتی ہے اور شفا اوسمین داخل ہو جاتی
ہے اور جو شخص اتوار کے دن اپنے ناخون کٹائے اوس سے بھوک
نکل جاتی ہے اور غنا اوسمین داخل ہوتا ہے اور جو شخص اپنے
ناخون دوشنبہ کے دن کٹائے اوس سے بیماری نکل جاتی ہے
اور صحت اوسمین داخل ہو جاتی ہے اور جو سہ شنبہ کے دن ناخون
کٹائے اوس سے مرض نکل جاتی ہے اور آرام اوسمین داخل ہو جاتا
ہے اور جو شخص بدھ کے دن ناخون کٹائے وسواس اوس سے نکل جاتا
ہے اور اوسمین امن اور صحت داخل ہو جاتی ہے اور جو شخص جمعرات
کے دن ناخون کٹائے جذام اوس سے نکل جاتا ہے اور عافیت اوسمین
داخل ہو جاتی ہے اور جو شخص جمعہ کے دن ناخون کٹائے اوسمین رحمت
داخل ہوتی ہے اور اوس سے گناہ نکل جاتے ہین یہ موضوع ہے اسکی
اسناد مین وضاع اور کئی مجہول ہین۔ خوار کرے اللہ تعالے کذابون کو اور
خوار کرے انکی ردی الفاظون کو اور کلمات رکیکہ کو کہا سخاوی نے
مقاصد مین ناخونون کے کٹانے کی کیفیت مین اور نا کسی دن کی
تعیین مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کوئی شے ثابت نہین
ہوئی اور جو نسبت نظم کی علی کیطرف منسوب ہے وہ بھی باطل
ہے حدیث جو شخص اپنی مونچھین دنیا مین دراز کریگا
اللہ اوسکی ندامت قیامت کے دن دراز کرے گا اور

عليه بكل شعرة على شاربه سبعين شيطانا
فان مات على ذلك الحال لا يستجاب له دعوة ولا
ينزل عليه رحمة الخ هو موضوع فى اسناده وضاع
ومجاهيل **حديث** من سرح راسه ولحيته
بالمشط فى كل ليلة عوفى عن انواع البلاء و
زيد فى عمره رواه ابن حبان عن ابى بن كعب مرفوعا
وقال موضوع وقد اخرجه ابو نعيم فى تاريخ
اصبهان وقال منكر واخرجه الدارقطنى فى غرائب
مالك وقال موضوع وروى ابن عدى عن عائشة
مرفوعا من امتشط قائما ركبه الدين وهو
موضوع وروى ابن حبان عن ابن عباس مرفوعا
من ادمن على حاجبيه من المشط عوفى من البلاء
وقال موضوع وروى الخطيب لا ياخذ احدكم
من طول لحيته ولكن من الصدغين وفى اسناده
كذاب وهو ابراهيم بن الهيثم البلدى وقال فى
الميزان وثقه الدارقطنى والخطيب **حديث**
النهى ان يحلق الرجل راسه وهو جنب او
يقلم ظفرا او ينتف حاجبا وهو جنب قال
ابن عساكر منكر بمرة **حديث** كان يكثر
دهن راسه وتسريح لحيته هو ضعيف و
كذا **حديث** كان لا يفارقه المشط لا فى سفر ولا
فى حضر ضعيف كما قال السخاوى وقال فى **حديث**
كان يسرح لحيته كل يوم مرتين لم ار من ذكره الا
الغزالى فى الاحياء ولا يخفى ما فيه من الاحاديث
التى لا اصل لها **حديث** اختنوا اولادكم

اوسپر ہر بال کے بدلے اوسکی موچھونپر ستر شیطانون کو مقرر کریگا
اگر اوسی حال مین مرجائے اوسکیلیے دعا نہ قبول کیجاوی گی اور اوسپر
رحمت نہ نازل ہوگی الخ یہ موضوع ہے اسکی اسناد مین وضاع اور
مجہول ہین **حدیث** جو شخص اپنے سر اور داڑہی کو ہر رات
مین کنگھی کے ساتہہ کہولے کئی اقسام بلا سے بچا لیا جاتا ہی اور اوسکی
عمر مین درازی کی جاتی ہی اسکو ابن حبان نے ابی بن کعب سے مرفوعا
روایت کیا ہی اور کہا موضوع ہے اور اسکو ابو نعیم تاریخ اصبہان
مین لایا ہے اور کہا منکر ہے اور اسکو دارقطنی غرائب مالک مین
لایا ہے اور کہا موضوع ہے اور ابن عدی نے عائشہ سے مرفوعا روایت
کی ہی جو شخص کہڑے ہوکر کنگھی کرے اوسپر قرض سوار ہو جاتا ہے
اور وہ موضوع ہی اور ابن حبان نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کی ہے
جو شخص اپنی بہوؤن کو کنگھی سے ہمیشگی کرے مصیبت سے دور کہا جاتا ہی
اور کہا موضوع ہے اور خطیب نے روایت کی ہی کہ کوئی تمسے داڑہی
کی لنبان سے نہ کٹائے لیکن صدغین سے اور اسکی اسناد مین کذاب ہے
اور وہ ابراہیم بن الہیثم البلدی ہے کہا میزان مین اسکی دارقطنی
اور خطیب نے توثیق کی ہے **حدیث** منع ہے کہ مرد اپنے سر کو جنب
کی حالت مین منڈائے یا ناخون کٹائے یا اپنی بہوان کو حالت
جنب مین اکہاڑے کہا ابن عساکر نے بسبب مرہ کے منکر ہے -
حدیث آنحضرت سر مبارک کو بہت تیل لگاتے تہے اور داڑہی
کو کنگہی کرتے تہے یہ ضعیف ہی اور ایسے ہی یہ حدیث کہ کنگہی آنحضرت
سے جدا نہ ہوتی تہی نہ سفر مین نہ شہر مین یہ ضعیف ہے جیسا کہ سخاوی
نے کہا ہے اور کہا اوسنے ایک حدیث مین ہے کہ ہر دن مین
دو مرتبہ اپنی داڑہی کو کنگھی کرتے تہے مین نہین جانتا کسنے
اسکا ذکر کیا ہو سوا غزالی کے احیا مین اور پوشیدہ نہین حال ان حدیثونکا
جو اوسمین ہین انکا کچہہ اصل نہین **حدیث** سات برس سے پہلے

يوم السابع فانه اسرع نباتا للحم واروح
للقلب موضوع حديث اخفوا الختان
واعلنوا النكاح له شواهد حديث
ان الحجر يتمخض من بول الاقلف اربعين صباحا
موضوع كتاب القضاء حديث
حكمي على الواحد حكمي على الجماعة قال العراقي
في تخريج البيضاوي لا اصل له انتهى وقد
ذكره اهل الاصول في كتبهم الاصولية واستدلوا
به فاخطأوا وفي معناه ما له اصل انما مبايعتي
لامرأة كمبايعتي لمائة امرأة وهو
في الترمذي حديث نحن نحكم بالظاهر
يحتج به اهل الاصول ولا اصل له في معناه و
قوله صلى الله عليه وآله وسلم للعباس يوم
بدر كان ظاهرك علينا حديث من
اراد ان يستحلف اخاه وهو يعلم انه كاذب
فاجل الله ان يحلفه وجبت له الجنة ذكره
في المقاصد واورده ابن طاهر في موضوعاته
حديث اكرموا الشهود فان الله يستخرج
بهم الحقوق ويدفع بهم الظلم صرح الصغاني
بانه موضوع حديث العلماء يحشرون
والقضاة مع السلاطين هو موضوع حديث
عج حجر الى الله فقال الهي وسيدي عبدتك كذا و
كذا سنة ثم جعلتني في كنيف فقال اما ترضى
ان عدلت بك عن مجالس القضاة قال في الذيل
حديث منكر قلت لا شك في انه موضوع مختلق وهكذا

اپنی اولاد کا ختنہ کرو اسلیے کہ یہ جلدی گوشت لگاتا ہے اور دل کو
خوش کرنیوالا ہے۔ موضوع ہے حدیث ختنہ پوشیدہ کرو اور نکاح
کا اعلان کرو اسکے لیے شواہد ہیں حدیث تحقیق پتھر بے
ختنہ کے پیشاب کرنے سے چالیس روز پھٹ جاتا ہے موضوع
ہے کتاب قضا کے بیان میں۔ حدیث حکم میرا واحد
پر حکم میرا ہے جماعت پر۔ کہا عراقی نے تخریج البیضاوی میں اسکا
کچھ اصل نہیں۔ انتہی اور اسکو اصولی لوگوں نے اصول کی کتابوں
میں ذکر کیا ہے اور اس سے دلیل پکڑی ہے پس انہوں نے خطا کیا ہے اسکے
معنے میں ایسی شے ہے جسکا کچھ اصل ہے میری بیعت کرنی ایک
عورت کے لیے مثل میری بیعت کی ہے سو عورت کے لیے اور یہ ترمذی
میں ہے حدیث ہم ساتھ ظاہر کے حکم کرتے ہیں اس سے اہل اصول
حجت پکڑتے ہیں حالانکہ اسکا کچھ اصل نہیں اور قول آنحضرت صلعم
کا عباس کے لیے بدر کو دن تیرا ظاہر ہم پر تھا۔ حدیث جو شخص
اپنے بھائی سے قسم لینے کا ارادہ کرے حالانکہ جانتا ہو کہ یہ کاذب ہے
پس اوسنے اللہ تعالی کو اوسکی قسم لینے سے بزرگ جانا اسکے لیے جنت
واجب ہوا۔ یہ مقاصد میں مذکور ہے اسکو ابن طاہر موضوعات میں لایا ہے
حدیث گواہوں کی تعظیم کرو اسلیے کہ اللہ تعالی انکے سبب حقوق
نکالتا ہے اور انکے سبب ظلم دفع کرتا ہے صغانی نے تصریح کی ہے کہ یہ
موضوع ہے حدیث عالم نبیوں کے ساتھ اٹھائے جائینگے اور
قاضی ساتھ بادشاہوں کے یہ موضوع ہے حدیث ایک پتھر
اللہ تعالی کے پاس بہت چلا کر رویا اور کہا اے اللہ میرے سردار
میں نے تیری عبادت اتنے اتنے برس تک کی ہے پھر تو نے مجھکو پائخانہ
بدرو میں کیا ہے فرمایا گیا تو اس بات پر راضی نہیں ہوتا کہ میں نے
ساتھ تیرے قاضیوں کی مجلس سے ابر کر دیا ہے۔ کہا ذیل میں حدیث
منکر ہے میں کہتا ہوں شک نہیں ہے کہ یہ بنایا ہوا موضوع ہے اور اسیطرح

حديث شكاية البقاع المنتنة الى الله فقال اسكتى فموضع القضاة انتن منك موضوع

كتاب الحدود

حديث اقيلوا ذوى الهيئات عثراتهم الحدود قال فى المصابيح موضوع حديث الطابع معلق بقائمة العرش فاذا انتهكت الحرمات ارسل الله الطابع وطبع على القلوب بما فيها ذكره فى المختصر وقال منكر حديث لا تقتلوا المرأة اذا ارتدت فى اسناده وضاع حديث لا تزنوا فتذهب لذة نسائكم واعفوا تعف نساؤكم ان بنى فلان زنوا فزنيت نساؤهم قال فى اللآلى لا يصح وله شاهد عند الحاكم ما زنى عبد قط فادمن على الزنا الا ابتلى فى اهله وفى اسناده كذاب وفى لفظ بروا اباءكم تبركم ابناؤكم واعفوا تعف نساؤكم فى اسناده كذاب حديث من زنى بيهودية او نصرانية احرقه الله فى قبره قال ابو زرعة باطل موضوع حديث ان عمر اقام الحد على ولد له يكنى ابا شحمة بعد موته فى قصة طويلة موضوع وقد روى ان عبد الرحمن الاوسط من اولاد عمر و يكنى ابا شحمة كان غازيا بمصر فشرب نبيذا فجاء الى ابن العاص و قال اقم على الحد فامتنع فقال انى اخبر ابى اذا قدمت عليه فضربه الحد فى داره فكتب اليه عمر يلومه فقال الا فعلت به ما يفعل بالمسلمين فلما قدم الى عمر رضى الله تعالى عنه

یہ حدیث شکایت میدان بدبودار کی اللہ تعالے کیطرف فرمایا چپ کر قاضیون کی جگہہ تجہسے زیادہ بدبودار ہے موضوع ہی کتاب

حدون کے بیان مین

حدیث ذی مراتب کی لغزشون سے اقالہ کرو مگر حدود کہا مصابیح مین موضوع ہے حدیث مہر کرنے والا عرش کے پاؤن سے معلق ہے پس جسوقت حرمتین بھٹین گی اللہ تعالے مہر کو بہیجیگا اور منقش کریگا دلونپر ساتہہ اوس چیز کے جو انمین ہے یہ مختصر مین مذکور ہے اور کہا منکر ہے حدیث عورت جب مرتد ہو اوسکو قتل نہ کرو اسکی اسنادمین وضاع ہے حدیث نہ زنا کرو تمہاری عورتون کی لذت جاتی رہیگی اور بچو تمہاری عورتین بچین گی تحقیق بنی فلان نے زنا کیا پہر اونکی عورتون نے زنا کیا کہا لآلی مین صحیح نہین اور اسکیلیے حاکم کے نزدیک شاہد ہے جو شخص زنا پر مداومت کرے اپنے اہل مین آزمایش کیا جاتا ہی اور اسکی اسنادمین کذاب ہی اور ایک لفظ مین اپنے باپون سے نیکی کرو تمہارے بیٹے تمہارے بیٹے کرینگے اور بچو تمہاری عورتین بچین گی اسکی اسنادمین کذاب ہی حدیث جو شخص یہودیہ یا نصرانیہ کے ساتہہ زنا کرے اوسکو اللہ اوسکی قبر مین جلاتا ہی کہا ابو زرعہ نے باطل موضوع ہے حدیث حضرت عمر نے اپنی بیٹے پر جسکی کنیت ابا شحمہ تہی بعد اوسکی موت کی حد قائم کی لمبی قصہ مین موضوع ہی اور مروی ہے کہ عبد الرحمن جو اوسط ہی اولاد عمر سے اور کنیت اسکی ابا شحمہ ہی مصر مین غازی تہا اوسنے نبیذ پیا اور ابن العاص کے پاس آیا اور کہا مجہپر حد قائم کرو وہ اوس سے ہٹ رہا کہا اوسنے مین اپنی باپ کو خبر دونگا جب اوسکی پاس جاؤنگا پہر اوسنے اوسکو حد اپنی گہر مین ماری پس اوسکیطرف عمر نے ملامت لکہی اور کہا کیون نہ تونے اوسکی ساتہہ وہ کام کیا جو مسلمانون کے ساتہہ کیا جاتا ہی پس جب وہ عمر کے پاس آیا +

كتاب الحدود

ضربه واتفق انه مرض فمات حديث
من زنى زنى به ولو بحيطان داره قال في الذيل فيه
من لا يوثق به حديث ما انفق عبد درهما
في زنا الا فقد ستمائة درهم لا يعرف لها وجه
في اسناده كذاب حديث اولاد الزنا
يحشرون يوم القيمة في صورة القردة والخنازير هو
موضوع حديث لا تدخل الجنة عاق ولا
منان ولا مرتد ولا ولد زنا ولا من اتى ذات محرم
لا اصل له وفي بعض الفاظه لا يدخل الجنة ولد
زنا ولا شئ من نسله الى سبعة اباء وفي لفظ لا
يدخل الجنة ولد زنية زعم ابن الجوزي انه موضوع
حديث لا يدخل الجنة مدمن خمر ولا مصر
على زنا ولا قتات ولا ديوث الخ هو موضوع
حديث اذا علا الذكر الذكر اهتز العرش و
قالت السموات يا رب مرنا نحصبه وقالت الارض
يا رب مرنا نبتلعه هو موضوع حديث
اللوطي اذا مات ولم يتب مسخ في قبره خنزيرا
لا اصل له حديث من اتى في دبره سبع مرات
حول الله شهوته من قبله الى دبره موضوع
حديث لا امرد اقل حياء من امرد تمكن من دبره
هو باطل حديث من قبل غلاما لشهوة لعنه
الله فان صافحه لشهوة لم يقبل منه صلوة فان
عانقه لشهوة ضرب بسياط من نار جهنم فان
فسق به ادخله الله النار هو موضوع حديث
اللص محارب لله ولرسوله فاقتلوه فما اصابكم

اوسنے اوسکو حد ماری اتفاقا وہ مریض ہوا اور مرگیا حدیث
جو شخص زنا کرے اوسکے ساتھ زنا کیا جاتا ہے اگرچہ اوسکی گھر کی دیوار سے
ہو کہا ذیل میں اسمین وہ شخص ہے جو ثقہ نہین حدیث جو بندہ ایک درم
زنا مین خرچ کرے چہ سو درم اوسکا گم ہوجاتا ہے اسکی وجہ کوئی معلوم
نہین ہوتی اسکی اسناد مین کذاب ہے حدیث زانیونکی اولاد
قیامت کے دن بندرون اور خنزیرون کی شکل پر اوٹھائی جائیگی
یہ موضوع ہے حدیث عاق اور چغل اور مرتد اور ولد الزنا جنت
مین داخل نہ ہوگا اور نہ وہ شخص جو ذی محرم سے زنا کرے اسکا کچھہ اصل
نہین اور بعض الفاظ مین ہے ولد الزنا اور نہ کوئی شے اوسکی نسل
سے سات باپون تک جنت مین داخل نہ ہوگی اور ایک لفظ مین
ولد زانی کا جنت مین داخل نہ ہوگا کہا ابن جوزی نے یہ موضوع ہے
حدیث شراب پر ہمیشگی کرنیوالا اور زنا پر اصرار کرنیوالا اور چغلی باز
اور دیوث جنت مین داخل نہ ہوگا یہ موضوع ہے حدیث
جب مذکر مذکر پر چڑہے عرش کانپتا ہے اور آسمان کہتے ہین اے
رب ہمکو حکم کر ہم اسکو پیسین اور زمین کہتی ہے ای رب ہمکو حکم
کر ہم اسکو نگل لین یہ موضوع ہے حدیث لوطی جب مرے
اور توبہ نہ کرے قبر مین خنزیر بنایا جاتا ہے اسکا کچھہ اصل نہین
حدیث جسکے دبر مین کوئی سات مرتبہ آیا اللہ تعالیٰ اوسکی شہوت
کو قبل سے دبر کیطرف پہیرتا ہے یہ موضوع ہے حدیث
بی ریش حیا مین کم اس بے ریش سے نہین جو بسبب دبر کی ہو یہ باطل
ہے حدیث جو شخص غلام کا بوسہ شہوت سے لے اوسپر اللہ تعالیٰ
لعنت کرتا ہے اگر مصافحہ شہوت سے کرے اوسکی نماز قبول نہین
ہوتی اگر شہوت سے معانقہ کرے دوزخ کی آگ کو کوڑون سے مارا
جاتا ہے اگر اوسکے ساتھہ برائی کرے اسکو اللہ تعالیٰ آگ مین داخل کرتا ہے
یہ موضوع ہے حدیث چور اللہ تعالیٰ اور اوسکے رسول سے جنگ کرنیوالا ہے اوسکو قتل

من اثرہ فعلی هو موضوع حديث من قذف
ذميا حد له يوم القيمة بسياط من نار في اسناده
وضاع حديث ان الله اخر حسد المماليك
واهل الذمة الى يوم القيمة لا اصل له حديث
من شرب فقد اشرب في اسناده متروك
حديث من نظر الى امرأة فاعجبته فرفع
راسه الى السماء لم يرجع اليه حتى يغفر له
في اسناده كذاب حديث من نظر الى
عورة اخيه المسلم متعمدا لم يقبل الله صلوته اربعين
يوما في اسناده كذاب حديث لا تجالسوا
اولاد الاغنياء فان فتنتهم اشد من فتنة
العذارى وروى لا تملئوا اعينكم من ابناء الملوك
فان لهم فتنة اشد من فتنة النساء هو موضوع
وفي لفظ لا تجالسوا ابناء الملوك فان الانفس
تشتاق اليهم ما لا تشتاق الى الجواري العواتق
في اسناده كذاب حديث ما من رجل يدخل
بصره في منزل قوم الا قال الملك الموكل به اف
لك اذيت وعصيت ثم يوقد النار اليه الى يوم
القيمة في اسناده كذاب حديث قدم
على النبي صلى الله تعالى عليه وآله وسلم وفد
عبد القيس وفيهم غلام ظاهر الوضاءة واجلسه
النبي صلى الله تعالى عليه وآله وسلم خلف
ظهره وقال كانت خطيئة داود النظر لا اصل له
وفي اسناده مجاهيل حديث لا تستشيروا
اهل العشق فليس لهم راى ما ان قلوبهم

وہ مجہیر ہے یہ موضوع ہے حدیث جو شخص ذمی پر تہمت لگائے
قیامت کے دن اسکو آگ کی کوڑون سے حد لگائی جائیگی اسکی اسناد مین
وضاع ہے حدیث اللہ تعالے نے حسد غلامون کا اور اہل ذمہ کا
قیامت کے دن تک موخر کیا ہے یہ جہوٹا ہے اسکا کچہ اصل نہین حدیث
جس نے شراب پیا اوس نے شرک کیا اسکی اسناد مین متروک ہے۔
حدیث جو شخص عورت کی طرف نظر کرے پہر وہ اسکو پسند آئے پس
وہ اپنا سر آسمان کیطرف اوٹہاتا نہین جب تک رجوع کرتا اوسکی طرف مگر
اوسکے لیے بخشش کیجاتی ہے اسکی اسناد مین کذاب ہے حدیث
جو شخص اپنے بہائی مسلمان کی شرمگاہ کیطرف جان بوجہ کر دیکہے
چالیس دن تک اللہ تعالے اوسکی نماز قبول نہین کرتا اسکی اسناد مین کذاب ہے
حدیث غنیون کی اولاد کے پاس مت بیٹہو اسلیے کہ اونکا فتنہ سخت ہے کنواریون کے
فتنے سے اور مروی ہے نہ پر کرو اپنی آنکہون کو بادشاہون کے بیٹون سے
اسلیے کہ اونکا فتنہ عورتون کے فتنے سے زیادہ سخت ہے یہ موضوع ہے
اور ایک لفظ مین ہے بادشاہون کے بیٹون کی مجالست مت کرو اسلیے کہ نفس انکی
طرف اسقدر مشتاق ہوتا ہے جو کواری پردہ دار لڑکیون کیطرف مشتاق
نہین ہوتا اسکی اسناد مین کذاب ہے حدیث نہین کوئی مرد جو داخل کرے
اپنی نظر کو کسی قوم کی منزل مین مگر فرشتہ موکل اسکو کہتا ہے اف ہے تجہ پر
ہے تو نے ایذا دی اور بیفرمانی کی۔ پہر آگ قیامت کے دن تک اوسپر روشن کی
جائیگی اسکی اسناد مین کذاب ہے حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم
پر قاصد (قبیلہ) عبد القیس کے آئے اور اونمین لڑکا خوب صورت تہا
اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیچھے بیٹہایا۔ اور فرمایا
داؤد علیہ السلام کا گناہ نظر ہی تہا۔ اس کا کچہ اصل
نہین۔ اور اس کی اسناد مین مجہول ہین حدیث
اہل عشق سے مشورت نکرو اس لیے کہ اونکا فکر (درست)
نہین ہے ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢ ✢

محترقة وعقولهم مسلوبة هو موضوع
حديث من ملأ عينه من الحرام ملأ الله
عينه من جمر جهنم لا اصل له **حديث**
من لعب بالشطرنج فهو ملعون لا يصح وكذلك
حديث اللاعب بالشطرنج كالآكل من لحم
الخنزير والناظر الى من يلعب الشطرنج
كالغامس يده في لحم الخنزير في اسناده وضاع
وكذلك حديث من لعب بالشطرنج فقد قارف
شركا في اسناده كذاب ولم يثبت في هذا الباب
شئ **كتاب الجهاد** وما ورد في الائمة
والظلمة **حديث** من اتخذ مغفرا ليجاهد
به في سبيل الله غفر له ومن اتخذ بيضة
بيض الله وجهه يوم القيمة ومن اتخذ
درعا كانت له سترا من النار يوم القيمة رواه
الخطيب عن الحسن البصري مرفوعا قال
الخطيب منكر جدا مع ارساله **حديث**
لا تزال الملائكة تصلي على الغازي ما دامت
حمائل سيفه في عنقه رواه الخطيب عن انس رض
مرفوعا وفي اسناده يحيى بن عنبسة القرشي
كذاب **حديث** صلوة الرجل متقلدا بسيفه تفضل
على صلوة غير متقلد بسبعمائة ضعف رواه الخطيب عن
علي مرفوعا وفي اسناده ضرار بن عمرو وهو متروك
حديث من خاف على نفسه النار فليرابط على الساحل اربعين
يوما رواه ابن حبان عن ابي هريرة مرفوعا في اسناده
كذاب **حديث** من صام يوما في سبيل الله خفف الله عنه من وقوف

دل انکے جلی ہوئی ہین اور عقل انکی سلب کئے گئے ہین یہ موضوع ہے
حدیث جو شخص اپنی آنکہہ حرام سے پر کرے اللہ تعالی اوسکی آنکہہ
دوزخ کے انگاروں سے پر کریگا اسکا کچہ اصل نہین **حدیث**
جو شخص ساتہہ شطرنج کے کہیلے وہ ملعون ہے یہ صحیح نہین اور ایسا ہی یہ حدیث
شطرنج کے کہیلنے والا مثل کہانیوالے خنزیر کے گوشت کی ہے اور
نظر کرنیوالا اوس شخص کیطرف جو شطرنج کہیلتا ہی مثل ڈبونیوالے
ہاتہہ کی ہی خنزیر کے گوشت مین۔ اسکی اسناد مین وضاع ہی اور
ایسا ہی حدیث جو شخص ساتہہ شطرنج کے کہیلا وہ شرک کے نزدیک
ہوا۔ اسکی اسناد مین کذاب ہی اور اس باب مین کوئی شئی ثابت
نہین ہوئی **کتاب** جہاد اور اماموں اور ظالموں کے بیان مین
حدیث جو شخص خود اللہ تعالی کے رستہ مین جہاد کرنیکے لیے تیار کرے
اوسکے لیے بخشش کیجاتی ہی اور جو شخص خود تیار کرے اللہ تعالی قیامت
کے دن اوسکے منہ کو سفید کریگا۔ اور جو شخص زرہ بنوائے وہ قیامت کے
دن اوسکیلیے پردہ ہوگی۔ اسکو خطیب نے حسن بصری سے مرفوعا روایت
کیا ہی۔ کہا خطیب نے باوجود مرسل ہونے کے بہت منکر ہی **حدیث**
ہمیشہ فرشتے غازی پر رحمت بہیجتے رہتے ہین جبتک اوسکی تلوار کا ٹیکہ
اوسکی گردن مین ہو۔ اسکو خطیب نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہی اور
اسکی اسناد مین یحیی بن عنبسۃ القرشی کذاب ہی **حدیث** نماز اوس
مرد کی جو اپنی تلوار سے قلادہ پانیوالا ہو سات سو ضعف فضیلت رکہتی
ہے اوس نماز پر جو بغیر قلادہ کے پڑہی گئی ہو۔ اسکو خطیب نے علی سے مرفوعا
روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین ضرار بن عمر ہے اور وہ متروک ہے
حدیث جو شخص اپنی جان پر آگ کا خوف رکہتا ہو تو حد پر چالیس دن
پاسبانی کرے۔ اسکو ابن حبان نے ابی ہریرہ سے مرفوعا روایت کیا ہے
اور اسکی اسناد مین کذاب ہی **حدیث** جو شخص ایک دن اللہ تعالی
کے رستہ مین روزہ رکہے اللہ تعالی اس سے قیامت کے دن سے بیس سال کا راہ ہو

عشرين سنة رواه الخطيب عن ابن عباس
مرفوعا وهو موضوع **حديث** من كبر تكبيرة
في سبيل الله كانت صخرة في ميزانه اثقل من
السموات السبع الخ رواه ابن حبان عن ابن عمر مرفوعا
وقال لا اصل له **حديث** المسافر شهيد
رواه ابن عدي عن جابر مرفوعا وفي اسناده
كذاب وروي عن ابن عباس مرفوعا موت
الغريب شهادة وفي اسناده متروكان وقد
رواه ابن ماجة والطبراني وفي اسناد ابن ماجة
ضعيف وله طرق تدفع دعوى من ادعى وضعه
حديث لما اراد الله ان يخلق الخيل قال لريح
الجنوب اني خالق منك خلقا اجعله
عزا لاوليائي وذلة على اعدائي الخ رواه
الحاكم عن علي مرفوعا قيل هو موضوع و
قيل له شواهد **حديث** انما السلطان
ظل الله في الارض ذكره في المقاصد وعزاه الى
الديلمي وروى الظالم عدل الله في الارض ينتقم
به ثم ينتقم منه ذكره في المقاصد ايضا **حديث**
كما تكونون يولى عليكم او يؤمر عليكم في
اسناده وضاع وفيه انقطاع **حديث**
الناس على دين ملوكهم قال في المقاصد لا
اعرفه حديثا وروى الطبراني مرفوعا ان لكل
زمان ملكا يبعثه الله على نحو قلوب اهله
فاذا اراد صلاحهم بعث عليهم مصلحا و
ان اراد هلاكهم بعث فيهم مترفيهم

تخفیف کرتا ہے اسکو خطیب نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کیا ہے
اور موضوع ہے **حدیث** جو شخص اللہ تعالے کے رستہ مین ایک تکبیر
کہے ایک پتھر اوسکی میزان مین سات آسمانون سے گران ہوگا الخ
اسکو ابن حبان نے ابن عمر سے مرفوعا روایت کیا ہے اور کہا اسکا
کچھ اصل نہین **حدیث** مسافر شہید ہے اسکو ابن عدی نے جابر
سے مرفوعا روایت کیا ہے اور اسکی اسناد مین کذاب ہے۔ اور
ابن عباس سے مرفوعا روایت ہے موت غریب کی شہادت ہے
اور اسکی اسناد مین دو متروک ہین اور اسکو ابن ماجہ اور طبرانی نے
روایت کیا ہے اور اسناد ابن ماجہ مین ضعف ہے اور اسکے واسطے بہت طرق
ہین اوس شخص کا دعوے جسنے اسکو موضوع کہا ہے دفع کرتے ہین
حدیث جب اللہ تعالے نے گھوڑے کے پیدا کرنے کا ارادہ کیا جنوب
کی ہوا کو فرمایا مین تجھسے ایک خلقت پیدا کرنیوالا ہون اسکو اپنے
دوستون کے لیے عزت اور دشمنون کے لیے ذلت کرونگا الخ
اسکو حاکم نے علی سے مرفوعا روایت کیا ہے کہا گیا ہے موضوع ہے
اور کہا گیا ہے اسکے لیے شواہد ہین **حدیث** سوا اسکے نہین کہ
بادشاہ زمین مین اللہ تعالے کا سایہ ہے یہ مقاصد مین مذکور ہے اور اسنے
اسکو دیلمی کیطرف منسوب کیا ہے اور روایت کی ہے ظالم عدل اللہ تعالے
کا ہے زمین مین اسکے ساتھ بدلہ لیتا ہے پھر اس سے بدلہ لیگا اسکو مقاصد
مین اسنے ذکر کیا ہے **حدیث** جیسا تم ہو تمپر والی کیا جاتا ہے اسکی
اسناد مین وضاع ہے اور اسمین انقطاع ہے **حدیث** آدمی اپنے
بادشاہون کے دین پر ہین۔ کہا مقاصد مین مین اسکو حدیث
نہین جانتا۔ اور طبرانی نے مرفوعا روایت کی ہے ہر زمانے
کیلیے بادشاہ ہے اسکو اللہ تعالے مثل اون لوگون کے دلون
کی اٹھاتا ہے اگر انکی بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اونپر بھلائی کرنیوالا
اٹھاتا ہے اور اگر اونکی ہلاکت کا ارادہ کرتا ہے اونمین ہلاک کرنیوالا اٹھاتا ہے

حدیث اذا اراد الله ان یخلق خلقا
للخلافة مسح ناصیته بیمینه قال فی الوجیز
روی عن ابی هریرة وانس وکعب وفی اعل الکل وقد
اخرجه الحاکم فی المستدرک عن ابن عباس رض
حدیث سیکون فی اخر الزمان امراء جورة
فمن خاف سیفهم فلا یامرهم ولا ینههم فی
اسناده کذاب حدیث کیف بکم اذا
کان زمان یکون الامیر فیه کالاسد الاسود و
الحاکم فیه کالذئب الامعط والتاجر کالکلب
الهرار والمؤمن کالشاة الخ قال فی المیزان
باطل حدیث یا ابا هریرة لا تلعن الولاة فان
الله ادخل امة النار بلعنهم ولا تهم فی اسناده
وضاع حدیث من دعا لظالم بالبقاء
فقد احب ان یعصی الله فی ارضه قال فی اللآلی
هو من قول الحسن البصری وقال فی المختصر لم یجد
الا من قول الحسن حدیث من وقر صاحب
بدعة فقد اعان علی هدم الاسلام اسناده
ضعیف وقال ابن الجوزی موضوع حدیث
اللهم لا تجعل لفاجر عندی یدا رواه ابن مردویه
والدیلمی باسناد ضعیف حدیث ان
المظلوم لیدعو علی الظالم حتی یکافیه ثم یبقی
للظالم عنده فضیلة قال فی المختصر لم یوجد
وقد اخرج الترمذی وغیره عن عائشة من دعا
علی من ظلمه فقد انتصر حدیث
یستجاب للمظلومین ما لم یکونوا اکثر من

حدیث جب اللہ تعالیٰ خلقت خلافت کے لیے پیدا کرتا ہے
تو اوسکی پیشانی پر داہنے ہاتھہ سے مسح کرتا ہے۔ کہا وجیز میں ابوہریرہ
اور انس اور کعب سے مروی ہے اور سب کے سب معلول ہیں
اور حاکم نے مستدرک میں ابن عباس رض سے روایت کی ہے
حدیث قریب ہے کہ آخر زمانہ میں امیر ظالم ہونگے پس جو شخص
اونکی تلوار کا خوف کرے تو چاہیے کہ نہ اونکو امر کرے اور نہ انکو منع کرے
اسکی اسناد میں کذاب ہے حدیث تمہارا کیا حال ہوگا جب ایسا
زمانہ ہوگا جسمین امیر شیر کیطرح ہونگے اور حاکم مثل خبیث بھیریے
کی اور تاجر مثل کتے بے صبر کی اور مومن مثل بکری کی الخ
کہا میزان میں باطل ہے حدیث اے ابا ہریرہ حاکموں
پر لعنت نہ کر اس لیے کہ اللہ تعالے نے ایک امت کو بسبب
اونکی لعنت کی حاکموں کو آگ میں داخل کیا ہے اسکی اسناد میں
وضاع ہے حدیث جو شخص ظالم کے لیے حیاتی کی دعا کرے
اوس نے اللہ تعالیٰ کی بے فرمانی کو اوسکی زمین میں دوست رکھا
کہا لآلی میں یہ قول حسن بصری سے ہے اور کہا مختصر میں ہم اسکو نہیں
پاتے مگر قول حسن سے حدیث جس نے صاحب بدعت کی تعظیم
کی اوس نے اسلام کے گرانے پر مدد کی اسناد اوس کی ضعیف ہے
اور کہا ابن جوزی نے موضوع ہے حدیث اے اللہ
فاجر کے واسطے میرے پاس نعمت نہ کر اسکو ابن مردویہ اور دیلمی نے
اسناد ضعیف سے روایت کیا ہے حدیث مظلوم ظالم
پر بد دعا کرتا ہے تا کہ اوسکی مکافات کرتا ہے پھر ظالم کے واسطے اوس
کے نزدیک زیادتی رہتی ہے کہا مختصر میں نہیں پائی گئی اور
ترمذی وغیرہ نے عائشہ سے روایت کی ہے جس نے ظالم پر بد دعا
کی اوس نے بدلہ لیا حدیث مظلوموں کی دعا
قبول کی جاتی ہے جب تک ظالموں سے اکثر +

الظلمین فاذا کانوا اکثر منہم فلا یستجیب لهم
فی اسناده وضاع حدیث من اعان
ظالما سلطه الله علیه فی اسناده متهم بالوضع
حدیث اشتد غضب الله علی من ظلم
لا یجد ناصرا غیر الله فی اسناده کذاب
حدیث لهدم الکعبة حجرا حجرا اهون علی الله
من قتل المسلم قال فی المقاصد لم اقف علیه و
لکن معناه مرفوع بلفظ من اذی مسلما بغیر
حق فقد هدم بیت الله حدیث لو بغی جبل
علی جبل لدك الباغی قال فی المقاصد دوی
موقوفا علی ابن عباس و مرفوعا والموقوف اصح
حدیث امتی بشرارها فی سناده مجهولان
و یؤیده ان الله یوید هذا الدین بالرجل
الفاجر حدیث ما وقی به المرء عرضه فهو له
صدقة قال فی المختصر ضعیف حدیث
ان طال بك مدة لا وشك ان تری قوما
یغدون فی سخط الله و یروحون فی لعنته فی
ایدیهم مثل اذناب البقر قد عده ابن الجوزی
فی الموضوعات قال ابن حجر هو فی صحیح مسلم و
هذه غفلة شدیدة من ابن الجوزی حدیث
دخلت الجنة فرایت فیها ذئبا فقلت اذئب
فی الجنة فقال انی اکلت ابن شرطی موضوع
حدیث الجلاوذة والشرط و اعوان الظلمة
کلاب النار لا یصح حدیث افترقت الیهود علی احدی و
فی الامم و سبعة فی امتی هو موضوع حدیث

نہون پس جب انسے بڑھجائین پھر انکی لئے قبول نہین
کیجاتی - اسکی اسناد مین وضاع ہی حدیث جو شخص ظالم
کی مدد کرے اللہ تعالی اسکو اسپر غالب کرتا ہی - اسمین ایک
شخص متہم بالوضع ہے حدیث اللہ تعالی کا غضب اسپر سخت
ہوتا ہی جو ظلم کرے اس شخص پر جو مددگار سوا اللہ کے کسیکو نہ پاے
اسکی اسناد مین کذاب ہے حدیث کعبہ کا ایک ایک پتھر گرانا
اللہ تعالی پر آسان ہے مسلمان کو قتل کرنیسے - کہا مقاصد مین
اسپر وقوف نہین ہوا لیکن معنے اسکی ان لفظونسے مرفوع ہین جو
شخص مسلمانونکو ناحق ایذا دے تو اسنے بیت اللہ گرایا حدیث اگر
ایک پہاڑ دوسرے پہاڑ سے بغاوت کرے البتہ باغی پیسا جاوے کہا مقاصد
مین یہ ابن عباس سے مرفوع اور موقوف مروی ہی اور موقوف صحیح ہی
حدیث میرے امت مبعہ اسکی شریرونکی ہی - اسکی اسناد مین
دو مجہول ہین اور یہ اسکی تائید کرتے ہین اللہ تعالی اس دین کو مرد
فاجر سے مدد دیتا ہی حدیث جس شے سے کسی اپنی عزت لگا رکھے وہ
اسکی لئے صدقہ ہی - کہا مختصر مین ضعیف ہے حدیث اگر تیرا زمانہ
دراز ہوا تو شک نہین تو ایسی قوم کو دیکھیگا جو اللہ تعالی کے
غصہ مین صبح کرتے ہین اور اسکی لعنت مین شام کرتے
ہین انکی ہاتھون مین گائیون کی دنبون کی مثل ہونگی اسکو
ابن جوزی نے موضوعات مین شمار کیا ہی کہا ابن حجر نے
یہ صحیح مسلم مین ہے اور یہ ابن جوزی سے بڑی سخت غلطی ہوئی
ہے حدیث مین جنت مین داخل ہوا اسمین مینے ایک بھیڑیا
دیکھا مینے کہا کیا جنت مین بھیڑیا ہے کہا اسنے مینے کوتوال
کے بچے کو کہایا تہا موضوع ہی حدیث کوتوال ظالمونکے
مددگار آگ کے کتے ہین - یہ صحیح نہین حدیث یہودی بہتر فرقے
ہین امتون مین اور سات ہین میری امت مین یہ موضوع حدیث ہے

من اذی ذمیا فانا خصمه یوم القیمة قیل
موضوع وقال العراقی له طرق حدیث
ان سهیلا کان عشارا بالیمن یظلمهم فمسخه الله
شهابا فجعله حیث ترون قیل موضوع وقیل
ضعیف لا موضوع حدیث ان لقیتم عشارا
فاقتلوه هو موضوع قال فی اللآلی اخرجه احمد
وفیه ابن لهیعة ذاهب الحدیث وقال فی الوجیز
وفی اسناده مجاهیل واخرجه البخاری فی تاریخه و
الطبرانی وابن لهیعة اخرج له مسلم وسائر
رجال اسناده معروفون قال السیوطی والصواب
انه حسن فی روی لا یدخل الجنة صاحب مکس یعنی
العشار اخرجه ابو داؤد واحمد وصححه ابن خزیمة
حدیث یاتی علی الناس زمان فیه
ذیاب فمن لم یکن ذئبا اکلته الذئاب رواه
الطبرانی ذکره صاحب المقاصد وفی اسناده
متروک کتاب الادب والزهد والطب و
عیادة المریض حدیث من نام بعد العصر
فاختلس عقله فلا یلومن الا نفسه رواه ابن
حبان عن عائشة مرفوعا فی اسناده خالد ابن
القسم کذاب وقد رواه ابن عدی من طریق
اخر من حدیث عبد الله بن عمرو فی اسناده
ابن لهیعة وفیه ضعف واخرجه ابن السنی من
حدیث عائشة باسناد اخر وخالد المذکور
قد وثقه ابن معین فدعوی ان الحدیث
موضوع مجازفة حدیث من نام علی

جو شخص ذمی کو ایذا دے مین اوسکا قیامت کے دن مخاصم ہون
کہا گیا ہے موضوع ہے اور کہا عراقی نے اسکے لیے طرق ہین حدیث
سہیل یمن مین عشر لینے والا تہا اور پہر ظلم کرتا تہا اوسکو اللہ تعالی
نے یہ شہاب بخشدیا اور کیا اوسکو جسجگہ تم اوسکو دیکھتے ہو۔ کہا گیا
ہی موضوع ہے۔ اور کہا گیا ہے ضعیف ہے موضوع نہین حدیث
اگر تم عشر لینے والے کو ملو اوسکو قتل کرو۔ یہ موضوع ہے کہا لآلی مین اسکو
احمد نے نکالا ہے اور اسمین ابن لہیعہ ذاہب الحدیث ہے اور کہا وجیز
مین اسکی اسناد مین مجہول ہین اور اسکو بخاری نے تاریخ مین اور طبرانی
نے روایت کیا ہے۔ اور ابن لہیعہ کو مسلم لایا ہے اور تمام راوی
اسکی اسناد مین معروف ہین کہا سیوطی نے صواب یہ ہے کہ یہ حسن ہے
اور مروی ہے صاحب عشر کا جنت مین داخل نہوگا اسکو ابو داؤد
اور احمد نے روایت کیا ہے۔ اور ابن خزیمہ نے اسکی تصحیح کی ہے
حدیث آدمیون پر ایک زمانہ آئیگا اوسمین بہیڑیے ہونگے پس جو
شخص بہیڑیا نہ ہوگا اوسکو بہیڑیے کہا ئینگے اسکو طبرانی نے
روایت کیا ہے یہ صاحب مقاصد نے ذکر کیا ہے اور اسکی اسناد متروک
ہے کتاب آداب اور زہد اور طب اور مریض کی عیادت
کے بیان مین حدیث جو شخص عصر کے بعد سویا اور اوسکا
عقل سلب ہوگیا تو وہ نہ ملامت کرے مگر اپنے نفس کو اسکو ابن حبان
نے عائشہ سے مرفوعا روایت کیا ہے اسکی اسناد مین خالد بن القاسم
کذاب ہے اور اسکو ابن عدی نے دوسرے طریق سے عبد اللہ بن عمر سے
روایت کیا ہے۔ اور اسکی اسناد مین ابن لہیعہ ہے اور اسمین
ضعف ہے اور ابن السنی نے عائشہ سے ساتھ دوسرے اسناد کے
لایا ہے اور خالد مذکور کی توثیق ابن معین نے کی ہے
پس دعوے اس بات کا کہ یہ حدیث موضوع ہے انکل ہے
حدیث جو شخص ...

کتاب الادب والزهد والطب وعیادة المریض

اسکف باب بیتہ فاصابہ شی فلا یلومن الا نفسہ ھو من نسخۃ موضوعۃ **حدیث** نھیہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ان تقص الرؤیا علی النساء قال العقیلی لا اصل لہ **حدیث** الرؤیا علی رجل طائر ما لم تعبر فاذا عبرت وقعت ذکرہ فی المقاصد وقد اخرجہ الترمذی وصححہ فلا وجہ لذکرہ فی کتب الموضوعات کما فعل ابن طاہر **حدیث** شرب اللبن محض الایمان من شربہ فی منامہ فھو علی الایمان والفطرۃ فی اسنادہ کذاب ومجروحان **حدیث** النھی ان تقص الرؤیا حتی تطلع الشمس فی اسنادہ من یکذب ومن لا یعرف **حدیث** من اکرم حبیبتیہ فلا یکتب بعد العصر قال فی المقاصد لیس فی المرفوع **حدیث** النظر الی الخضرۃ یزید فی البصر والنظر الی المرأۃ الحسناء یزید فی البصر قال الصغانی موضوع **حدیث** ثلثۃ یجلین البصر النظر الی الخضرۃ والماء الجاری والی الوجہ الحسن فی اسنادہ کذاب وقد روی من طرق اخری وقد تقدم فی الاطعمۃ النظر الی الخضرۃ والاترج والحمام الاحمر **حدیث** علیکم بالوجوہ الملاح والحدق السود فان اللہ یستحی ان یعذب وجھا ملیحا رواہ ابن عدی عن انس مرفوعا وھو موضوع وفی اسنادہ وضاع **حدیث** ما احسن اللہ وجہ خلق رجل ولا خلقہ فاطعم لحمہ النار فی اسنادہ عاصم بن علی قال

اپنے گھر کے دروازے کی دہلیز پر سویا پھر اوسکو کچھہ شے پہونچی تو وہ نہ ملامت کرے مگر اپنے نفس کو یہ نسخہ موضوعہ سے ہے **حدیث** نہی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ خواب عورتوں پر بیان کی جائے کہا عقیلی نے اس کا کچھہ اصل نہین **حدیث** خواب جانور کی پاؤن پر ہے جبتک تعبیر کیجائے جب تعبیر کی جاوے واقع ہو جاتی ہے یہ مقاصد مین مذکور ہے اور اسکو ترمذی نے نکالا ہے اور تصحیح کی ہے پس کوئی وجہ اسکے ذکر کرنے کی کتب موضوعات مین نہین ہے جیسا کہ ابن طاہر نے کیا ہے **حدیث** دودھ پینا خالص ایمان ہے جو شخص اسکو خواب مین پیے پس وہ ایمان اور فطرت پر ہے اسکی اسناد مین کذاب اور دو مجروح ہین **حدیث** نہی ہے کہ خواب بیان کیجائے تا آنکہ آفتاب نکل آئے اسکی اسناد مین وہ شخص ہے جو جھوٹ بولتا ہے اور مجہول ہے **حدیث** جو شخص اپنی آنکھون کی تعظیم کرے چاہیئے کہ عصر کے بعد نہ لکھے کہا مقاصد مین یہ مرفوع نہین ہے **حدیث** سبزی کی طرف دیکھنا بصارت زیادہ کرتا ہے اور عورت حسین کی طرف دیکھنا بصارت زیادہ کرتا ہے کہا صغانی نے موضوع ہے **حدیث** تین چیزین نظر کو روشن کرتی ہین سبزی اور پانی جاری اور منہ حسین کی طرف دیکھنا۔ اسکی اسناد مین کذاب ہے اور اور طرق سے بھی مروی ہے اور باب الاطعمہ مین گذر چکا ہے سبزی اور ترنج اور کبوتر سرخ کیطرف دیکھنا **حدیث** لازم پکڑو ملیح چہرون کو اور سیاہ پلکون کو اسلیے کہ اللہ تعالی حیا کرتا ہے کہ ملیح منہ کو عذاب دے اسکو ابن عدی نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے اور اسکی اسناد مین وضاع ہے **حدیث** نہین اچھا کیا اللہ تعالی نے کسی مرد کی پیدائش کا منہ اور نہ خلق اوسکا پھر اسکے گوشت کو آگ کا طعام بنائے اسکی اسناد مین

ليس بشيء ورد بانه اخرج له البخاري في
صحيحه ووثقه الناس وروى من حديث ابي هريرة
وانس وفي اسنادهما مقال فالحديث اذا لم يكن
حسنا فهو ضعيف فليس بموضوع **حديث**
اذا ابعثتم الي بريدا فابعثوا احسن الوجه حسن
الاسم رواه العقيلي والطبراني عن ابي هريرة
مرفوعا وفي اسناده عمرو بن راشد قيل وليس
بشيء ورد بانه قد وثقه جماعة وقد روي
من حديث بريدة عند البزار باسناد صحيح كما
قال الهيثمي في مجمع الزوائد ورواه ابن النجار
عن علي مرفوعا بلفظ اطلبوا حوائجكم عند
صباح الوجوه واذا ابعثتم الي بريدا الخ وله طرق
حديث من اتاه الله وجها حسنا وجسما
حسنا وجعله في موضع غير شان فهو من صفوة
الله من خلقه في اسناده من هو متروك
وسياتي هذا الحديث في الخاتمة ان شاء الله
تعالى بالبسط مما هنا فراجعه **حديث**
كلام اهل الجنة بالعربية وكلام اهل السماء
وكلام اهل الموقف بالعربية رواه ابن حبان
عن ابن عمر مرفوعا وهو موضوع **حديث**
من تكلم بالفارسية زادت في خسته ونقصت
من مروته رواه ابن عدي عن انس مرفوعا
قيل انه موضوع قال الدارقطني تفرد به طلحة
ابن زيد الرقي وهو منكر الحديث وقد اخرجه
الحاكم في المستدرك وتعقبه الذهبي فقال

کچھ شے نہین ہے اور اسطرح رد کیا گیا ہی کہ اوس سے بخاری نے صحیح مین
تخریج کی ہی اور لوگون نے اوسکی توثیق کی ہے اور ابو ہریرہ اور انس سے
مروی ہے ان دونو کے اسناد مین مقال ہی پس حدیث جب حسن نہ
ہوگی تو ضعیف ہی موضوع نہین **حدیث** جب تم میری
طرف کوئی قاصد بھیجو تو اچھی شکل والا اور اچھے نام والا بھیجو
اسکو عقیلی اور طبرانی نے ابی ہریرہ سے مرفوعًا روایت کیا ہی اور
اسکی اسناد مین عمر بن راشد ہی کہا گیا ہے یہ کچھ شے نہین ہے
اور اسطرح رد کیا گیا ہے کہ اسکی جماعت نے توثیق کی ہے اور بریدہ
سے ساتھ اسناد صحیح کے بزار مین ہے جیسا کہ ہیثمی نے مجمع الزوائد
مین کہا ہے اور ابن نجار نے علی سے مرفوعًا ان الفاظ سے روایت
کی ہے اپنی حاجتین اچھے مُنہ والون کے پاس طلب کرو اور جب
میری طرف کوئی قاصد بھیجو الخ اور اسکے طرق ہین **حدیث**
جسکو اللہ تعالے نے حسین مُنہ اور جسم اچھا دے اور اوسکو جگہہ غیر لائق مین نہ
رکھے پس یہ برگزیدگی اللہ تعالے کی ہے اپنی خلقت سے اسکی اسناد
مین وہ شخص ہے جو متروک ہی اور یہ حدیث خاتمہ مین انشاء اللہ
تعالے اس سے زیادہ بسط سے آئے گی اسکی طرف رجوع کر **حدیث**
کلام اہل جنت کی عربی ہے اور کلام آسمان والون کی اور
کلام اہل موقف کی عربی ہے اسکو ابن حبان نے
ابن عمر سے مرفوعًا روایت کیا ہے اور یہ موضوع ہے
حدیث جو شخص فارسی کلام کرے اوسکی خست مین
زیادتی ہوتی ہے۔ اور اوسکی مروت مین نقصان ہوتا ہے
اسکو ابن عدی نے انس سے مرفوعًا روایت کیا ہے
کہا گیا ہے یہ موضوع ہی کہا دارقطنی نے طلحہ بن زید الرقی
ساتھ اسکی تفرد ہوا ہے اور وہ منکر الحدیث ہی اور اسکو حاکم
مستدرک مین لایا ہے اور ذہبی نے اسکا تعقب کیا ہی اور کہا ہے

ليس بصحيح واسناده واه بمرة وله شاهد عن
ابن عمر مرفوعا من احسن منكم ان يتكلم بالعربية
فلا يتكلمن بالفارسية فانه يورث النفاق رواه
الحاكم وفي اسناده عمرو بن هارون قال الذهبي
كذبه ابن معين **حديث** من راى
الهلال فحمد الله واثنى عليه وقرأ الحمد سبع مرات
الا اعفاه الله من وجع العين ذلك الشهر رواه
الخطيب عن انس مرفوعا وفي اسناده وضاع **حديث**
كان النبي صلى الله عليه وآله وسلم اذا اشفق من
الحاجة ان ينساها ربط في يده خيطا ليذكرها
رواه الدارقطني عن ابن عمر مرفوعا وفي اسناده
سالم بن عبد الاعلى قال العقيلي لا يعرف الا به
ولا يتابع عليه وقد رواه الدارقطني عن واثلة
ابن الاسقع مرفوعا نحوه وكذلك رواه عن رافع
ابن خديج مرفوعا وكذلك رواه ابن عدي وابن
شاهين عن انس مرفوعا ولا اصل لشيء منها
حديث من اتى منزله فقرأ الحمد لله وقل
هو الله احد نفى الله عنه الفقر وكثر خير بيته
حتى يفيض على جيرانه رواه الدارقطني عن ابي
هريرة مرفوعا قيل لا يصح تفرد به محمد بن سالم
وليس بشيء قال في اللآلي هو من رجال الترمذي
ولم يتهم بوضع وللحديث شاهد رواه البيهقي
في الشعب عن ابن عباس **حديث** من عطس او
تجشا او سمع عطسة او جشا فقال الحمد لله
على كل حال صرف الله عنه سبعين داء اهونها

یہ صحیح نہیں اور اسناد اسکی بسبب واہی ہے اور اسکیلیے ابن عمر
سے مرفوعا شاہد ہے جو شخص تمسے اچھی طرح سے کلام عربی جانتا
ہو تو چاہیے کہ فارسی کلام نہ کرے اسلیے کہ یہ نفاق کو وارث
کرتی ہے اسکو حاکم نے روایت کیا ہے اور اسکی اسناد میں عمرو
بن ہارون ہے کہا ذہبی نے اسکی ابن معین نے تکذیب کی ہے **حدیث**
جو شخص چاند دیکھکر اللہ تعالی کی حمد کرے اور اوسپر ثنا کرے اور الحمد
سات مرتبہ پڑھے اوسکو اللہ تعالی آنکھوں کے درد سے اوس مہینہ میں
معاف رکھتا ہے اسکو خطیب نے انس سے مرفوعا روایت کیا ہے اور
اسکی اسناد میں وضاع ہے **حدیث** نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب
کسی حاجت کو بھولنے کا خوف کرتے تو اوسکی یاد کیلیے اپنے ہاتھ
پر دھاگا باندھتے اسکو دارقطنی نے ابن عمر سے مرفوعا روایت
کیا ہے۔ اور اسکی اسناد میں سالم بن عبد الاعلی ہے کہا عقیلی نے
یہ معلوم نہیں ہوئی مگر اسی سے اور اسکا کوئی متابع نہیں ہوا اور اسکو
دارقطنی نے واثلہ بن الاسقع سے مرفوعا اسکی مثل روایت کیا ہے اور
اسیطرح اوس نے رافع بن خدیج سے مرفوعا روایت کی ہے اور ایسا ہی ابن عدی نے
اور ابن شاہین نے انس سے مرفوعا روایت کی ہے اور ونمیں کسی کا کچھ اصل نہیں ہے
حدیث جو شخص اپنی منزل میں آیا تو اوسنے الحمد للہ اور قل ہو اللہ
احد پڑھا اللہ تعالی اوس سے فقر دور کرتا ہے اور اوسکے گھر میں خیر
بہت کرتا ہے تاکہ اوسکے ہمسایوں کو فیض پہونچتا ہے اسکو دارقطنی
نے ابی ہریرہ سے مرفوعا روایت کیا ہے کہا گیا ہے یہ صحیح نہیں محمد بن
سالم ساتھہ اسکے متفرد ہوا ہے اور وہ کچھ شئے نہیں کہا لآلی میں ہے ترمذی
کے راویوں سے ہے اور متہم وضع سے نہیں اور حدیث کیلیے شاہد ہے
اسکو بیہقی نے شعب میں ابن عباس سے روایت کیا ہے **حدیث**
جو شخص چھینک یا ڈکار مارے یا کسی سے چھینک یا ڈکار سنے پھر کہے سب حمد واسطے
اللہ کے ہر حال پر اللہ تعالی اوس سے ستر بیماریاں دور کرتا ہے آسان تر اونکی

الجذام رواه الخطیب عن ابن عمر مرفوعا وفی
اسناده متروك وهو محمد بن كثیر بن مروان
الفهری وقد روی عن علی مرفوعا اذا عطس العبد
فقال الحمد لله علی كل حال لم یصبه وجع الاذنین
ولا وجع الضرس ذكره الخلعی فی فوائده وروی
ابن ابی شیبة فی المصنف باسناده الی علی قال
من قال عند كل عطسة یسمعها الحمد لله رب
العلمین علی كل حال ما كان لم یجد وجع الضرس
ولا الاذن وروی الخطیب عن ابی ایوب الانصاری
ان رجلا عطس عند النبی صلی الله علیه وآله وسلم
فسبقه رجل الی الحمد فقال صلی الله علیه وآله و
سلم من بدر العاطس الی محامد الله عوفی من وجع
الداء والدبیلة وفی اسناده وضاع ومتروك و
رواه ابن عساكر عن ابن عباس مرفوعا من سبق
العاطس بالحمد وقاه الله وجع الخاصرة ولم یر فیه
مكروها حتی یخرج من الدنیا واخرج نحوه
الطبرانی فی الاوسط عن علی مرفوعا ورواه الحكیم
الترمذی عن واثلة بن الاسقع مرفوعا **حدیث**
اذا طنت اذن احدكم فلیصل علی ولیقل
ذكر الله بخیر من ذكرنی رواه العقیلی عن ابی رافع
مرفوعا قیل هو موضوع وقد اخرج نحوه ابن السنی
فی عمل الیوم واللیلة والخرائطی فی مكارم الاخلاق
حدیث من حدث حدیثا فعطس عنده فهو
حق رواه ابن شاهین عن ابی هریرة مرفوعا
قیل هو باطل تفرد به معاویة بن یحیی ولیس بشئ

جذام ہی اسکو خطیب نے ابن عمر سے مرفوعاً روایت کیا ہے اور اسکی
اسناد مین متروک ہی اور وہ محمد بن کثیر بن مروان الفہری ہے اور
علی سے مرفوعاً مروی ہے کہ جب آدمی چھینکے اور کہے سب حمد ہے
اللہ کو ہر حال پر اوسکو کانون کا درد اور دانتون کی سختی نہین
پہونچتی اسکو خلعی نے فوائد مین ذکر کیا ہے اور ابن ابی شیبہ نے
مصنف مین ساتھ اسناد کے علی تک روایت کی ہی کہا اونے
جو شخص وقت سننے چھینک کے کہے سب صفت واسطے اللہ رب
العلمین کے ہے ہر حال پر جب تک زندہ ہو دانتون اور کانون کی درد نہین پاتا
خطیب نے ابو ایوب انصاری سے روایت کی ہی کہ ایک آدمی نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چھینک لی پس دوسرا آدمی الحمد کی
طرف سبقت لیگیا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص اللہ
تعالے کے حمد کیطرف چھینک مارنے والے سے پیشدستی کری
بیماری اور درد سے بچایا جاتا ہی اور اسکی اسناد مین وضاع اور متروک ہے
اور اسکو ابن عساکر نے ابن عباس سے مرفوعاً روایت کی ہی جو شخص
چھینک لینے والے سے الحمد جلدی کہنے اوسکو اللہ تعالے کمر سے نگاہ
رکھتا ہے اور وہ شخص کوئی سختی نہین دیکھتا یہانتک کہ دنیا سے
چلا جاوے گا اور اسکو طبرانی نے اوسط مین علی سے مرفوعاً روایت کیا ہی اور
حکیم ترمذی نے واثلہ بن اسقع سے مرفوعاً روایت کی ہی **حدیث**
جب تم مین سے کسی آدمی کا کان بھنبھناہٹ کرے تو چاہیے کہ مجھپر درود
بھیجے اور کہے یاد کرے اللہ تعالی نیکی سے اوس شخص کو جسنے مجھے یاد کیا ہے
اسکو عقیلی نے ابو رافع سے مرفوعاً روایت کیا ہی کہا گیا ہی کہ یہ موضوع ہے
اور مثل اسکی ابن السنی عمل الیوم واللیلہ مین اور خرائطی نے مکارم الاخلاق
مین روایت کیا ہی **حدیث** جو شخص حدیث بیان کرے پھر اوس وقت چھینک
تو وہ حدیث سچی ہے اسکو ابن شاہین نے ابی ہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا ہی کہا
گیا ہی یہ باطل ہی معاویہ بن یحیی اسکے ساتھ متفرد ہوا ہے اور وہ کچھ شئ نہین